چمنستان

ظفر علی خاں

پبلشرز یونائیٹڈ، چوک انارکلی لاہور

کاپی رائٹ

بار اول ——— ۲۰۰۰
قیمت ——— پانچ روپے

سنہ ۱۹۴۴ء

شیخ محمد نصیر ہمایوں سکرٹری پرنٹر و پبلشر نے مرکنٹائل پریس لاہور میں
چھپوا کر پبلشرز یونائیٹڈ لاہور سے شائع کی۔

(۱۷۹)

بڑا مولوی

وطن جس کی رو سے ہے بُنیادِ ملّت مَیں اُس شرع کی کر رہا پیروی ہوں
اہنسا کا فوارہ اُچھلا ہے جس سے مَیں اُس زندگانی کی شانِ نوی ہوں
سکھاتا ہے جو ناچنا اور گانا مَیں اُس مدرسہ[۱] کا بڑا مولوی ہوں
کبھی مَیں بھی تھا عازمِ کوئے یثرب اب اس عزم کو کر چکا ملتوی ہوں
کوئی قادری ہے کوئی سُہروردی مرا فخر یہ ہے کہ مَیں گاندھوی ہوں
مجھے لیگ سے اس لیے دشمنی ہے وہ عبد النصاریٰ مَیں عبدالقوی ہوں
برستی ہیں جس سے ترنگی بلائیں[۲] مَیں اُس عرش پر آج کل مستوی ہوں

سمجھ لوں نہیں جینا کو کیونکر مسلماں
کوئی مَیں بھی اشرف علی تھانوی ہوں

۱؎ وردھا سکیم ۲؎ چرخہ والا ترنگا جھنڈا

لاہور ۱۶ مئی ۱۹۳۹ء